لافتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۵ رجب المرجب ۱۳۴۳ھ مطابق ۹ فروری ۱۹۲۵ء	جلد ۳۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تعلق مویشی خانہ جات بہ صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری و تقرر سید ظہیر حسن صاحب	۱و۲
۲	رخصت و ترقیات اہلکاران تحصیلات۔	۲
۳	منتقل خدمات منشی مسیح اللہ خاں۔	"
۴	بحالی منشی حیدر علی	"
۵	" چپڑاسی اسٹیبل	۲و۳
۶	" اہلکاران خزانہ	۳
۷	" چپڑاسی دیوانی	"
۸	رخصت لیڈی ڈاکٹر صاحب	"
۹	حفاظت اسسٹنٹ سرجن صاحب و لیڈی ڈاکٹر صاحبہ	"
۱۰	رخصت ڈاکٹر شفاخانہ جیل	"
۱۱	" محرران اوشیر	"
۱۲	علی گڑھ	۳و۴
۱۳	لقطہ جات و حمایات	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۸ جنوری ۱۹۲۵ء

رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت منظور ہو۔ جملہ مویشی خانہ جات صاحبزادہ سید سعادت یار خان بہادر سپرنٹنڈنٹ آبکاری کی زیر نگرانی رہینگے اور تحصیلداران اپنے معائنہ وغیرہ کے پاس روانہ کرینگے ایک آسامی انسپکٹر مویشی خانہ جات کی منظور کیجاتی ہے۔ سید ظہیر حسن بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار تنخواہ و پندرہ روپیہ ماہوار الاونس انسپکٹر مویشی خانہ جات مقرر کیے جاتے ہیں اور باتحتی صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری خدمات انجام دیں احکام بعد جاری ہوں

اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض   میرساند

جناب عالی

ہوم ڈپارٹمنٹ سے منتقل ہوکر جو صیغہ جات تر قیخواہ کے سپرد ہوئے ہین انمین صیغہ مویشی خانہ جات کا انتظام قابل اصلاح معلوم ہوتا ہی۔ موجودہ انتظام یہ ہے کہ ہر تحصیل کے مویشی خانہ جات زیر نگرانی تحصیلداران متعلق ہین کوئی عہدہ دار کل ریاست کے مویشی خانہ جات کا نگران نہین ہی اسکے معائنہ وغیرہ کا انتظام قابل اطمینان نہین ہی۔ ترقیخواہ کے ماتحت افسران صیغہ مین سے صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری کو کل ریاست مین دورہ کرنیکا کام رہتا ہی۔ اِسی سلسلہ مین انکو مویشی خانہ جات کا بھی وقتاً فوقتاً معائنہ کرنیکی سہولت حاصل ہی۔ اسلئے بہ نسبت ترقیخواہ مناسب معلوم ہوتا ہی کہ کل ریاست کے مویشی خانہ جات انکی زیر نگرانی کردیئے جائین تحصیلدار صاحبان اپنی جملہ رپورٹین اور معائنہ جات براہ راست صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری کی خدمت مین روانہ کیا کرینگے۔ اور انکی حسب ہدایت عمل کرینگے اور زیر ہدایات اجلاس خاص صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری ریاست کے کل مویشی خانہ جات کے ذمہ دار افسر ہونگے۔ ایک آسامی انسپکٹر مویشی خانہ جات کی بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار و پچیس روپیہ الاونس سواری جدید قایم فرمائی جاکر سید ظہیر حسن کا جو عملہ صاحب ہوم سکریٹری مرحوم مین بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار کلرک تھے اور تخفیف ہوگئے ہین تقرر منظور فرمایا جائے۔ نامبردہ صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری کے زیر ہدایت کام کرینگے۔ لہذا بغرض اسلوبی کار بحضور اقدس و انور گزارش ہی کہ حسب صراحت بالا حکم منظوری صادر فرمایا جائے۔ والادب

دولت جاوید باد

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۸ جنوری سنہ ۱۹۲۵ء

حسب گزارش صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت۔ بابو فاروق حسین سپرنٹنڈنٹ دفتر تعمیرات کی تنخواہ موجودہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ اور محمد آقا نواب پیشکار کی موجودہ تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار بالگو بند اکاونٹنٹ تعمیرات کی تنخواہ موجودہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہی

احکام ضابطہ جاری ہون۔

اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض   میرساند

جناب عالی

اگست سنہ ۱۹۲۳ء مین بسلسلہ تخفیف و تنظیم عملہ تعمیرات ترقیخواہ نے اپنے دفتر کے سپرنٹنڈنٹ و پیشکار اور اکاونٹنٹ محکمہ تعمیرات کی تنخواہ ہونگا گریڈ باعتبار انکے کام اور آسامی کے تجویز کیا تھا جسکی منظوری ۲۴ اگست سنہ مذکور کو صادر ہوچکی ہی جو گزٹ مسلکہ مین مندرج ہی۔ خیال تھا کہ اس منظوری اجلاس ہمایون کا عملدرآمد شروع سال یعنی اکتوبر سنہ ۱۹۲۳ء سے ہوگیا ہوگا۔ لیکن اب معلوم ہوا کہ محکمہ بخشیگری کو اجراء حکم کا انتظار ہی۔ لہذا بحضور اقدس و انور گزارش ہی کہ پیشگاہ ہمایون سے حکم صادر فرمایا جائے کہ ہر سال کے شروع پر اسکا عملدرآمد ہوجایا کرے تفصیل تحت مین درج ہی جو یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۴ء سے قابل نفاذ ہی۔ والادب۔ دولت جاوید باد

نمبر شمار	نام اہلکار	عہدہ	تنخواہ موجودہ	اضافہ سالانہ	گریڈ
۱	بابو فاروق حسین بی۔اے۔	سپرنٹنڈنٹ دفتر ہذا	مار	عہ	مامعہ
۲	منشی محمد آقا نواب	پیشکار ؍	سہ	عہ	[illegible]
۳	بابو بالگو بند بی اے	اکاونٹنٹ تعمیرات	مار	عہ	مامعہ

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

منتقلی خدمات

۲۶ جنوری سنہ ۱۹۲۵ء

حسب تجویز صاحب ریونیو سکریٹری بہادر سمیع اللہ خان سب انسپکٹر بمشاہرہ وار تیس روپیہ ماہوار کے خدمات صیغہ پولیس مین بہ تنخواہ موجودہ منتقل فرمائے گئے۔

اضافہ

۲۸ جنوری سنہ ۱۹۲۵ء

حسب رپورٹ ٹیوٹر صاحب بہادر منشی حیدر علی خان اطہر اتالیق صاحبزادہ صاحبان بہادر طالعمرہم کی تنخواہ موجودہ ستر روپیہ ماہوار مین تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

اضافہ

۲۸ جنوری سنہ ۱۹۲۵ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر۔ محمد نبی خان پیشکار

اصطبل کی موجودہ تنخواہ پچیس روپیہ ماہوار میں دو روپیہ اضافہ منظور فرمایا گیا۔

اضافہ جات

۲۰ جنوری ۱۹۲۵ء

حسب رپورٹ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر ۔ اہلکاران خزانہ کی موجودہ تنخواہوں میں مندرجہ تحت اضافہ بوجہ حسن انجام دہی خدمات منظور فرمایا گیا۔

جانکی پرشاد	جگدنبہ پرشاد	الفت رائے	لال بہاری
عہ	عہ	صہ	للعہ

اضافہ

۲۰ جنوری ۱۹۲۵ء

حسب عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر منشی فدا علی خاں پیشکار عدالت دیوانی کی موجودہ تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

رخصت

۲۹ جنوری ۱۹۲۵ء

حسب عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مس الکزیلی لیڈی ڈاکٹر کی رخصت یکماہ ۱۵ فروری ۱۹۲۵ء سے منظور فرمائی گئی۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۹ جنوری ۱۹۲۵ء

ڈاکٹر این۔ کے۔ و ہیرا اسسٹنٹ سرجن کی تنخواہ موجودہ میں پچیس روپیہ ماہوار اضافہ۔ اور مس۔ ای۔ والکر پال لیڈی ڈاکٹر کی موجودہ تنخواہ میں پچیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہو۔ یکم فروری ۱۹۲۵ء سے عملدرآمد کیا جائے۔ احکام صادر ہون۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
رخصت

۳۱ جنوری ۱۹۲۵ء

حسب تحریر سپرنٹنڈنٹ سرجن صاحب۔ ڈاکٹر مدن موہن لال ہاسپٹل اسسٹنٹ شفاخانہ جیل کی مزید رخصت یکماہ بوجہ بقائے علالت بانتظام ساتھ منظور ہوی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر
رخصت

۳۱ جنوری ۱۹۲۵ء

حسب پیشی درخواست منشی محمد جان اڈیٹر مع تحریر افسر صاحبان آڈٹ رخصت مسئولہ نامبردہ تا آخر فروری ۱۹۲۵ء با تنخواہ منظور کی گئی بابو سریرام بدستور کام کرینگے۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے خود بھی خرید فرما کر پڑھئے اور احباب کو بھی دکھلائیے۔

قول شافی یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے اس کی عمدگی اس کے نام سے ظاہر ہے جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۲ روپیہ ہے۔

التوحید۔ یہ کتاب جامع عابدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے اس میں خداوند عالم کے وجود اس کی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے اس کی قیمت بھی علاوہ محصول ۲ روپیہ ہے۔

خصائص معاویۃ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول کتاب جامع عابدی کے ملحقات میں ہے جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے بعض مطالب کا اس میں اضافہ کیا گیا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک ۔ ۔

جس قدر نسخے مطلوب ہوں درخواست منتظم صاحب کتب خانہ کی خدمت میں ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور